30-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلگو ریاستوں کے درمیان پائے جانے والے ندیوں کے آبی تنازعہ پر قائم کی گئی کمیٹی کا اجلاس آج مرکز کے آبی سنگم کے دفتر میں منعقد ہوا۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے امریکہ میں واقع تاریخی ہارورڈ کینڈی اسکول میں اپنی ٹریننگ کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا۔

۳۔ملگ ضلع میڈارم میں سمکا سارالماں مہاجاترا تیسرے روز بھی جاری ہے۔ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج اپنے اہل خانہ کے ساتھ میڈارم سمکا سارالماں کے خصوصی درشن کئے۔

۴۔بھارت پرو کے حصہ کے طور پر دہلی کے لال قلعہ کے قریب آج دوپہر تلنگانہ کے فنکاروں کی جانب سے پیش کیا گیا فن وہاں کے لوگوں کو اپنی جانب راغب کیا۔

CM Harvard

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے امریکہ میں واقع تاریخی ہارورڈ کینڈی اسکول میں اپنی ٹریننگ کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا۔21 ویں صدی کی قیادت کے عنوان سے منعقد کئے گئے ایگزیکیٹیو ایجوکیشن پروگرام کو آج وزیراعلیٰ نے مکمل کیا۔اِس ٹریننگ کے بعد وزیراعلیٰ نے اپنے تجربات کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعہ شیئر کیا ہے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ اِس کورس میں ان کے علاوہ 20 ممالک سے تعلق رکھنے والے تقریباً 60 قائدین نے شرکت کی۔دنیا بھر میں پائی جانے والی مختلف تہذیبیں اور دنیا کے مختلف ممالک سے آنے والے ساتھی طلبہ کے ذریعہ کئی نئی چیزوں کو سیکھنے کا انہوں نے انکشاف کیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس ٹریننگ کے پروگرام کے موقع پر مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اہم شخصیتوں سے بھی ملاقات کا موقع ملا ہے۔ان سے تبادلہ خیال کے ذریعہ ایک اچھا تجربہ حاصل ہوا ہے۔

## Medaram Jatara

ملگ ضلع میڈارم میں سمکا سارالماں مہاجاترا تیسرے روز بھی جاری ہے۔ ملک کے مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں آنے والے عقیدتمند وناد یوتاؤں کی پوجا کررہے ہیں جس کی وجہ سے اس علاقہ کی سڑکیں عوام سے بھرپور ہیں۔ جمپنا واگو میں عقیدتمند مقدس اسنان کررہے ہیں جبکہ مہاجاترا میں اہم مانے جانے والے سمکا دیوی کو لانے کی تقریب کل شام نہایت ہی بڑے پیمانے پر منعقد ہوئی ہے۔ چلکلا گٹہ سے سمکا دیوی آدی واسی قبائلی روایتوں کے درمیان یہ سفر مکمل ہوا ہے۔ پہلے سمکا کے اہم پوجاری کوکرا کرشنیا کی قیادت میں آدی واسی کے پوجاریوں نے گٹہ پر واقع سمکا کی مندر میں خصوصی پوجا کی۔ اس موقع پر پولیس کے اعزازی سلامی کے طور پر ضلع ایس پی سدھیر رام ناتھ کے کین نے فضاء میں تین راؤنڈ گولیاں چلائی جبکہ ریاستی وزرا سیتاا کا، اڈلوری لکشمن کمار نے اس تقریب میں شرکت کی۔

## Gandhi Jayanti

آج بابائے قوم مہاگاندھی کی 78 ویں برسی شہدا کے یوم کے طور پر منائی جارہی ہے۔ اس موقع پر گورنر جشنودیوورما، نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے حیدرآباد کے باپوگھاٹ پر مہاتما گاندھی کے مجسمہ پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا جبکہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھی بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ گاندھی جی نے عدم تشدد کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرتے ہوئے سچائی کے راستہ کے ذریعہ ملک کو آزادی دلائی۔ گاندھی کی تعلیمات ہمیں ہمت اور انسانیت کا سبق سکھاتی ہیں۔ انہوں نے شہداء کے دن کے موقع پر ملک کیلئے قربانی دینے والے شہداء کو بھی خراجِ عقیدت پیش کیا۔

Kabaddi

حیدرآباد کے گچی باؤلی انڈور اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے 72ویں خواتین سینئرنیشنل کبڈی چمپئن شپ کے مقابلوں میں انڈین ریلویز ، ہریانہ، ٹاملناڈو، ہماچل پردیش سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرچکے ہیں۔کل رات منعقدہوئے کوارٹر فائنل میاچ میں ریلویز کی ٹیم نے 23-58 سے مہاراشٹر پر اور ہریانہ 16-63 سے مدھیہ پردیش پر شاندار کامیابی حاصل کی جبکہ ایک دوسرے میاچ میں ٹاملناڈو نے 37-39 سے چندی گڑھ کی ٹیم کو شکست دیتے ہوئے آخری میاچ میں ہماچل پردیش 25-48 سے پنجاب پر کامیابی حاصل کی۔ آج شام منعقد ہونے والے سیمی فائنل میں ریلویز ٹیم کے ساتھ ہریانہ، ٹاملناڈو ٹیموں کے ساتھ ہماچل پردیش کی ٹیم کا بھی مقابلہ ہوگا۔اس میں کامیابی حاصل کرنے والی ٹیم رات میں فائنل مقابلہ میں حصہ لےگی۔

Phone Tapping Case KCR

فون ٹیپنگ کیس میں ایس آئی ٹی کی جانب سے سابق وزیراعلیٰ کے سی آر کو پوچھ تاچھ کیلئے جاری کی گئی نوٹس پر سابق وزیراعلیٰ نے آج اپنا ردِعمل ظاہر کیا۔انہوں نے کہا کہ میونسپل انتخابات کے ضمن میں وہ آج پوچھ تاچھ کیلئے حاضرنہیں ہوسکتے۔اس کے لئے مزید ایک تاریخ مقرر کرنے کا مطالبہ کیا جبکہ سی آر پی سی سیکشن 160 کے تحت 65 سال سے زیادہ عمر والوں کو ان کے رہائش گاہ پر ہی پوچھ تاچھ کرنے کے قواعد کو بتاتے ہوئے ان کو سدی پیٹ ضلع میں واقع ایراولی کی رہائش گاہ پر ہی ان سے پوچھ تاچھ کرنے پر زور دیا۔ اس کیس کے معاملہ میں ایس آئی ٹی کے عہدیداروں نے اب تک بی آر ایس پارٹی کے قائدین، سابق ریاستی وزرا ہریش راؤ، تارک راما راؤ اور سابق رکن پارلیمنٹ سنتوش راؤ سے پوچھ تاچھ کی۔

Danam Nagender

خیریت آباد کے رکن اسمبلی دانم ناگیندر کی نااہلی کے پٹیشن پر اسپیکر کے پاس آج پوچھ تاچھ ہوئی۔ بی آر ایس کے رکن اسمبلی پاڑی کوشک ریڈی کی جانب سے داخل کی گئی درخواست پر اسپیکر گڈم پرساد کمار نے آج پوچھ تاچھ کی جبکہ میونسپل انتخابات کے ضمن میں مصروف رہنے کا بیان دیتے ہوئے تحقیقات کو ملتوی کرنے کا بی جے پی ایل پی کے لیڈر راے مہیشور ریڈی نے مطالبہ کیا۔ اِس پر مثبت ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے اسپیکر نے بی جے پی کی درخواست پر تحقیقات کو 18 فروری تک کیلئے ملتوی کردیا جبکہ ادھر دانم ناگیندر نے بھی شخصی طور پر حاضر ہونے کیلئے وقت فراہم کرنے پر زور دیا۔

CS

کسانوں کی ترقی کیلئے حکومت اہم ترجیح دے رہی ہے۔ تلنگانہ ویژن 2047ء کے منصوبہ کو مدنظر رکھتے ہوئے مقررہ اہداف کو حاصل کرنے مستقبل میں یوریا زرعی کھاد کی تقسیم کو ایک منصوبہ بند طریقہ سے تقسیم کرنے ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ تلنگانہ رائزنگ 2047ء کے مقاصد کے تحت تمام حکومت کے شعبوں کو ایک اہم ہدایت دینے کیلئے گزشتہ تین دنوں سے چیف سکریٹری جائزہ اجلاس منعقد کررہے ہیں۔ آج زراعت، مارکیٹنگ، کوآپریٹیو، ہارٹیکلچر اور دیگر شعبوں کی اسکیمات پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

DK Aruna

بی جے پی کی قومی نائب صدر و رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے الزام لگایا کہ میونسپل انتخابات میں کانگریس پارٹی فائدہ حاصل کرنے کیلئے سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کو فون ٹیپنگ کیس معاملہ میں نوٹس جاری کی ہے۔ آج انہوں نے محبوب نگر میں واقع اپنے کیمپ آفس میں میڈیا سے بات کی۔

Sound Byte DK Aruna

## Harish Rao

سابق وزیر ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ تلنگانہ کے پانی کے معاملہ میں کانگریس حکومت تاریخی دھوکہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دہلی میں منعقد ہونے والا محکمہ آبی کا اجلاس تلنگانہ کیلئے سیاہ دن کے طور پر ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ آندھراپردیش حکومت کی جانب سے تجویز کئے گئے نلا ملا ساگر پروجیکٹ کے ذریعہ تلنگانہ کو حاصل ہونے والے 200 ٹی ایم سی گوداوری کے پانی کو منتقل کرنے کی ایک سازش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ کے سی آر کے دور میں 400 ٹی ایم سی کی اجازت حاصل کی گئی تھی جبکہ کانگریس حکومت نے ایک بھی ڈی پی آر کو نہیں روانہ کیا جو اجازت نامے حاصل کئے گئے تھے اس کی حفاظت میں بھی کانگریس ناکام ہوگئی ہے۔

## River Water Distributor Committee

تلگو ریاستوں کے درمیان پائے جانے والے ندیوں کے آبی تنازعہ پر قائم کی گئی کمیٹی کا اجلاس آج مرکز کے آبی سنگم کے دفتر میں منعقد ہوا۔اس سنگم کے چیرمین کی صدارت میں منعقد ہونے والے اجلاس میں سی ڈبلیوسی کے ارکان کے آر ایم بی، جی آر ایم بی، این ڈبلیوڈی اے کے چیرمین اور مرکزی آبی سنگم کے چیف انجینئر اور تلگو ریاستوں سے تعلق رکھنے والے عہدیداروں نے شرکت کی۔ پانی کی تقسیم، مسائل اور تنازعہ پر عہدیداروں کی کمیٹی کا آج پہلا اجلاس ہوا۔

## Governor

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج اپنے اہل خانہ کے ساتھ میڈارم سمکا سارالماں کے خصوصی درشن کئے۔ آج دوپہر گورنر میڈارم پہنچے اور وناد یوتاؤں کی خصوصی پوجا کی۔

## Telangana Intermediate Borad

سرکاری جونیر کالجوں میں انٹرمیڈیٹ میں زیر تعلیم طلبہ بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے پرنسپلس اور لکچررس کو

اچھی محنت کرنے کا انٹرمیڈیٹ بورڈ کے ڈائرکٹر وسکریٹری کرشنا آدتیہ نے ہدایت دی۔ آج انہوں نے یادادری بھونگیر ضلع میں منعقد کئے گئے اجلاس میں بات کرتے ہوئے کہا کہ 2 فروری سے شروع ہونے والے پریکٹکل امتحانات اور 25 فروری سے منعقد ہونے والے سالانہ امتحانات کو صاف وشفاف طریقہ سے منعقد کرنے پر زور دیا تاکہ کوئی بدعنوانیاں پیش نہ آسکے۔ انہوں نے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے نتائج کے فیصد میں اضافہ کرنے اورآنے والے تعلیمی سال میں گورنمنٹ جونیر کالجس میں داخلوں میں اضافہ کے اقدامات کرنے پر بھی زوردیا۔

Presentation

بھارت پرو کے حصہ کے طور پر دہلی کے لال قلعہ کے قریب آج دوپہر تلنگانہ کے فنکاروں کی جانب سے پیش کیا گیا پرینی فن وہاں کے لوگوں کو اپنی جانب راغب کیا۔ آج دوپہر جن پت کے قریب تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے فنکاروں نے بھارت پرو 2026ء کے تحت پرینی کے رقص کو پیش کیا اسے واریئر ڈانس کے نام سے بھی جانا جاتا ہے کیونکہ یہ میدان جنگ میں جانے سے پہلے بھگوان شیوا کے اعزاز میں جوش وخروش سے کیا جاتا ہے۔ یہ 800 سالہ پرانے رقص کی شکل کاکتیا خاندان کے دوران تلنگانہ میں شروع ہوئی۔ یوم جمہوریہ کی تقریبات کے ایک حصہ کے طور پر ہر سال گیان پت پر ثقافتی پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں۔

Election

ریاست میں میونسپالٹی کارپوریشن انتخابات کے ضمن میں آج پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل ختم ہوا۔ آج آخری روز بڑی تعداد میں امیدواروں نے بڑی تعداد میں پرچہ نامزدگی داخل کی۔ آج شام پانچ بجے تک پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا وقت دیا گیا تھا۔